اسکول کے پہلے دن کے لیے تیار ہو جائیں!

ذیل میں بتایا گیا ہے کہ 8 ستمبر، 2022 کو کیا کرنا ہے

❑ ایک طبی معائنہ کرائیں۔

کیا آپ کا بچہ پہلی مرتبہ اسکول یا چائلڈ کئیر کا آغاز کر رہا ہے؟ اسکول شروع ہونے سے قبل، اسے یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے نے کسی نگہداشت فراہم کنندہ سے ایک مکمل جسمانی معائنہ کرا لیا ہے، جسے بچے اور نوبالغ فرد کے صحتی معائنے کے فارم **(CH205)** میں قلم بند کیا گیا ہے۔ یہ فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے schools.nyc.gov/schoolhealth دستیاب ہے۔

❑ مطلوبہ مدافعتی ٹیکے لگوائیں۔

نیویارک ریاست عوامی صحت کا قانون تقاضا کرتا ہے کہ طلبا چائلڈ کئیر یا اسکول میں شرکت کرنے کے لیے مخصوص ویکسینز لگوائیں۔ تعلیمی سال شروع ہونے سے قبل، آپ کے بچے کو تمام مطلوبہ حفاظتی ٹیکے لگے ہونے چاہئیں۔ آپ مطلوبہ مدافعتی ٹیکوں کے بارے میں مزید معلومات کو schools.nyc.gov/immunization پر تلاش کر سکتے ہیں۔ ہم یہ بھی تجویز کرتے ہیں کہ نیو یارک کے تمام مکین COVID-19 ویکسینز کی تجدید کراتے رہیں، بشمول بوسٹرز کے اگر وہ اہل ہوں۔ اپنے نزدیک ایک مقام تلاش کرنے کے لیے nyc.gov/vaccinefinder پر جائیں یا 877-829-4692 پر کال کریں۔

❑ ماسک لگائیں۔

طلبا کی پُر زور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ ویکسین کی حیثیت کے قطع نظر اسکول بسوں اور اندرونی بھیڑ کی جگہوں پر ایک صحیح فِٹ ہونے والا ماسک پہنیں۔ مخصوص حالات میں ماسک لگانا ضروری ہے، جیسے اسکول نرس کے دفتر یا طبی کمرے میں جانا یا اگر اسکول میں COVID-19 کی علامات ظاہر ہو رہی ہوں۔ اپنے بچوں کے پہننے کے لیے ماسکس کا ذخیرہ رکھیں! اسکولوں میں COVID-19 سے متعلق صحت اور حفاظتی پالیسیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/covid19 پر جائیں۔

❑ ٹیسٹ کروائیں۔

ہم طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ اسکول کے پہلے دن سے قبل گھر پر ایک گھریلو کِٹ کے استعمال یا ایک صحتی نگہداشت فراہم کنندہ سے PCR ٹیسٹ کے ذریعے 19- COVID انفیکشن کا ٹیسٹ کرائیں تاکہ انکی اسکول کی برادری کو وائرس کے پھیلاؤ سے بچانے میں مدد دی جا سکے۔

NYC Department of Education

اسکول کے پہلے دن کے لیے تیار ہو جائیں!

❑ اپنی رابطہ معلومات میں تجدید کریں

آپ آن لائن اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) میں اپنی رابطہ معلومات میں تجدید کر سکتے ہیں، یا آپ اپنے اسکول کے فراہم کردہ ہنگامی صورت کے رابطہ فارم کو مکمل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس ابھی تک ایک نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ نہیں ہے، یہ جاننے کے لیے کہ سائن اپ کیسے کیا جائے schools.nyc.gov/NYCSA پر جائیں۔

❑ اسکول کے پہلے دن سے قبل سونے اور صبح اُٹھنے کا ایک معمول ترتیب دیں۔

اس وقت اپنے بچوں کے سونے کا ایک معمول کا شیڈول بنانے کا آغاز کریں۔ اسکے بعد، اسکول شروع ہونے سے چند دن قبل، اپنے اہل خانہ کے صبح اُٹھنے کا متوقع معمول، بشمول تیار ہونے، ناشتہ کرنے اور اپنے بس اسٹاپ یا سب وے اسٹیشن جانے کے لیے دروازے سے باہر جانے کی مشق کریں تاکہ آپ اسکول بروقت پہنچ سکیں۔

❑ اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے ملاقات کریں

والدین رابطہ کار آپکے اسکول سے متعلقہ کئی سوالات اور خدمات کے جوابات فراہم کر سکتے ہیں۔ اپنے والدین رابطہ کار کی رابطہ معلومات کے لیے اپنے بچے کے اسکول کو فون کریں یا اسکول جائیں۔

❑ اپنے والدین رابطہ کار یا پرنسپل سے ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات کے بارے میں معلوم کریں۔

آپکا اسکول ترجمے اور ترجمانی کی خدمات مفت فراہم کر سکتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار یا پرنسپل سے معلوم کریں یا مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/hello پر جائیں۔ اشاروں کی زبان میں ترجمانی کی خدمات کے لیے، برائے مہربانی اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں یا OSLIS@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

❑ 2022-23 نیو یارک شہر اسکول کیلنڈر کا جائزہ لیں

2022-23 تعلیمی سال کی اہم تواریخ اور مختلف زبانوں میں قابل اشاعت (پرنٹ) فائلوں کو تلاش کرنے کے لیے schools.nyc.gov/calendar پر جائیں۔

ہم آپ سے اسکول کے پہلے دن، **جمعرات، 8 ستمبر** کو ملنے کے متمنی ہیں!

NYC Department of Education